© rasailojaraid.com

تبصرے

حدیث لٹریچر۔ (انگریزی) از ڈاکٹر محمد زبیر صدیقی پروفیسر کلکتہ یونیورسٹی، تقطیع کلاں ضخامت دو سو پچاس صفحات۔ ٹائپ جلی اور روشن۔ قیمت مجلد پندرہ روپیے۔ پتہ: رجسٹرار کلکتہ یونیورسٹی، کلکتہ۔

حدیث پر تاریخی، فنی اور دوسری حیثیتوں سے بہت کچھ لکھا گیا ہے۔ مشرقی زبانوں کے علاوہ مغربی زبانوں میں بھی مستشرقین گذشتہ دو سو برس سے اس پر لکھ رہے ہیں اس بنا پر ان زبانوں میں بھی اس موضوع پر ضخیم لٹریچر فراہم ہو چکا ہے لیکن مستشرقین جو ہمیشہ بال کی کھال نکالتے ہیں ان کی کتابوں کو پڑھنے کے بعد مجموعی طور پر یہ اثر ہوتا ہے کہ احادیث کا پورا ذخیرہ اگر موضوع اور جعلی نہیں تو کم از کم مشتبہ اور مشکوک ضرور ہے اور صحیح و غیر صحیح احادیث باہم اس طرح خلط ملط ہیں کہ ان میں امتیاز کرنا مشکل ہے۔ ان کے بالمقابل ہمارے علماء نے جو کچھ لکھا ہے وہ اوّل تو مشرقی زبانوں میں ہے اور پھر وہ عموماً مغربی طرزِ تحقیق و تنقید سے آشنا بھی نہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ انگریزی تعلیم یافتہ حضرات مستشرقین کی کتابیں پڑھتے ہیں اور حدیث سے متعلق اُن کے خیالات و افکار سے متاثر ہوتے ہیں۔ ڈاکٹر محمد زبیر صاحب صدیقی جو اپنے علم و فضل اور تحقیقی کارناموں کی وجہ سے مغربی دنیا کے محققین میں بھی ایک نمایاں مقام رکھتے ہیں ایک طرف علوم دینیہ و اسلامیہ میں براہِ راست درک و بصیرت کے مالک ہیں اور دوسری جانب مستشرقین کے تمام کارنامے بھی آپ کی نگاہ میں ہیں اس لئے انگریزی زبان میں اس موضوع پر دادِ تحقیق دینے کا اہل موصوف سے بڑھ کر اور کون ہو سکتا تھا۔ یہ کتاب ظاہر میں ضخامت کمتر سہی لیکن اس کے بقیمت بہتر ہونے میں کوئی شبہ نہیں ہو سکتا۔ اس میں حدیث کی اہمیت، عہدِ نبوی میں اس کی کتابت، پھر عہد بعہد اس کی حفاظت اور تدوینِ فنِ حدیث کی ابتدا، اس کا ارتقاء، مشاہیر محدثین کے حالات، اُن کے علمی اور فنی کارنامے، علم اسماء الرجال، اصولِ جرح و تعدیل۔ معیارِ نقد و صحت۔ فن کی امہات کتب۔ یہ سب مباحث جو کتاب کے آٹھ ابواب میں پھیلے

© rasailojaraid.com